اور اندازہ ہوتا کہ لغت نویس ہندستان کے کس علاقے کے رہنے والے تھے؟ اس سے لغت کی بہتر تفہیم میں مدد ملتی۔ اگر اولین ایڈیشن کا سرورق اور دیباچہ بھی دے دیا جاتا تو اور بہتر تھا۔ بہرحال موجودہ صورتِ حال میں بھی یہ افادیت سے خالی نہیں ہے۔ امید ہے اس سے شائقین اور ضرورت مند استفادہ کریں گے۔

ناشر نے بتایا ہے کہ وہ بعض دوسری قدیم لغات کو بھی چھاپنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ امید ہے وہ ان کی اشاعت میں متذکرہ بالا معروضات کا خیال رکھیں گے۔ (ر- ہ)

تعارف کتب

☆ ذوالفقار علی بھٹو' قصر صدارت سے تختۂ دار تک۔ ڈاکٹر ایچ بی خاں۔ ناشر: الحمد اکادمی' ۲- جے ۱۸ ناظم آباد' کراچی ۷۴۶۰۰۔ صفحات: ۳۲۸۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [یہ کتاب بھٹو اور ان کے عہد اقتدار کی ایک وضاحتی توقیت (chronology) ہے۔ واقعات کی نشان دہی تاریخ وار کی گئی ہے۔ آخری حصے میں کچھ تبصرہ و تنقید بھی ہے۔]

☆ طوطی کی آواز' پروفیسر عبداللہ شاہین۔ پتا: پروفیسر عبداللہ شاہین' گلشن کالونی' حافظ آباد۔ صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [مصنف کی نگارشات نظم و نثر' اُردو' پنجابی' انگریزی میں۔ ملی اور قومی اچھے اور قابلِ قدر جذبے کے ساتھ لکھے گئے افسانے' مضامین' نظمیں۔]

☆ کرلو تیاری' سجاد حمید خان۔ ناشر: سجاد پبلشرز' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۱۸۱۔ قیمت: ۷۶ روپے۔ [چندروزہ زندگی میں عیش و آرام کے بجائے اصلاح عقائد' آخرت' جہاد فی سبیل اللہ' الحادی قوتوں سے بچنے اور بیت المقدس کو آزاد کرانے کی تیاری پر قرآن و حدیث کے حوالے سے زور دیا گیا ہے۔ اصلاح عقائد کے ضمن میں بعض گروہوں کے عقائد پر گرفت کی گئی ہے۔ قابل قدر جذبے سے تحریر کردہ کتاب' لکھائی چھپائی وغیرہ۔]

☆ نکاح کی اہمیت اور برکات' چودھری طالع مند۔ ناشر: اذان سحر پبلی کیشنز' چیمبرلین روڈ' لاہور۔ صفحات: ۷۲۔ قیمت: ۳۰ روپے۔ [ایک صاحب دل بزرگ نے قرآن و حدیث کی روشنی میں نکاح کی